آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز منگل 03 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 211

فیلڈ مارشل سے چینی وزیر کی ملاقات

سٹریٹجک شراکت داری مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ

کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی شعبے کے وزیر لیو ہائی شنگ نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے چینی وزیر لیو ہائی شنگ کی ملاقات ہوئی، فریقین نے سٹریٹجک شراکت داری مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا



راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے چینی وزیر لیو ہائی شنگ کی ملاقات ہوئی، فریقین نے سٹریٹجک شراکت داری مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی شعبے کے وزیر لیو ہائی شنگ نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا، اس موقع پر باہمی دلچسپی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قبائلی اضلاع میں معدنیات کی تلاش کے معاہدے عوام کے سامنے لائے جائیں، فضل الرحمان

قیمتی پتھر امریکی حکام کے دفاتر میں پیش کیے گئے، امریکی اس بات کا اعتراف کر چکے ہیں کہ وہ اس معاملے میں آگے بڑھ رہے ہیں سربراہ جمعیت علمائے اسلام ف (

پشاور: جمعیت علمائے اسلام ف (کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ قبائلی اضلاع کو طویل عرصے سے تجربہ گاہ بنایا گیا ہے، اب انضمام ختم کرنے کی تجاویز سامنے آ رہی ہیں، تاہم قبائلی علاقوں کا اصل مسئلہ آئینی نہیں بلکہ وہاں موجود معدنی وسائل ہیں۔ پشاور میں ڈیجیٹل میڈیا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ن لیگ کا انتخابی اصلاحات کی پارلیمانی کمیٹی میں اتحادی جماعتوں کو نمائندگی دینے پر غور

حکومتی ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کے علاوہ دیگر اتحادی جماعتوں کو بھی پارلیمانی کمیٹی میں شامل کرنے کے لیے مشاورت جاری ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انتخابی اصلاحات کی پارلیمانی کمیٹی میں حکومتی اتحادی جماعتوں کو نمائندگی دینے کے لیے مسلم لیگ (ن) نے اپنی نشستیں کم کرنے پر غور شروع کر دیا ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف تمام اتحادی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کے خواہاں ہیں، اسی تناظر میں پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کے علاوہ دیگر اتحادی جماعتوں کو بھی پارلیمانی کمیٹی میں شامل کرنے کے لیے مشاورت جاری ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ق)، استحکام پاکستان پارٹی) آئی پی پی (اور مسلم لیگ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان، سچائی کے علمبردار ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کا صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر خصوصی پیغام

لاہور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بلوچستان میں 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد مشتبہ شناختی کارڈز بلاک

کوئٹہ (سی ایم لنکس) بلوچستان میں 1 لاکھ 38 ہزار سیز/زائد مشتبہ شناختی کارڈز بلاک کر دیے گئے۔ نادرا حکام کے مطابق بلاک شناختی کارڈز کی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صادق پبلک سکول کی ٹیم نے پی اے ایف کالج لوئر ٹوپہ مری میں کل پاکستان بین الکلیاتی ذولسانی تقریری مقابلہ جیت کر ٹیم ٹرافی حاصل کی

صادق پبلک سکول میں غیر نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے انٹر ہاس انگریزی تقریری مقابلہ) پریپ (اور مقابلہ حسنِ قرت 2026 تقریریات منعقد ہوئیں

بہاول پور (پ ر) صادق پبلک سکول بہاولپور کی ٹیم نے پی اے ایف کالج لوئر ٹوپہ مری میں ہونے والے کل پاکستان بین الکلیاتی ذولسانی تقریری مقابلہ جیت کر ٹیم ٹرافی حاصل کی۔ مزید براں اردو تقریری مقابلے میں حسین سلیمی نے پہلی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جمعے کو پیٹرول 15 روپے لیٹر مہنگا ہونا تھا، وزیراعظم کی ہدایت پر بوجھ ریفائنرز پر منتقل کر دیا گیا، علی پرویز ملک

آئل ریفائنریز کے ساتھ کل نشست میں تمام امور پر گفتگو ہوگی، ریفائنریز نے منافع بھی بہت کمایا ہے، اس بار ان کے تعاون پر شکر گزار ہیں، آئل ریفائنریز کے تعاون سے عوام کو 15 روپے فی لیٹر سستا فراہم کرنے کے قابل ہوئے، ریفائنریز کا 3 ماہ کا منافع پورے ایک سال سے زیادہ تھا' وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ جمعے کو پیٹرول 15 روپے لیٹر مہنگا ہونا تھا، وزیراعظم کی ہدایت پر وہ بوجھ آئل ریفائنریز پر منتقل کر دیا گیا۔ اسلام آباد میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ عوام کو ریلیف دینا وزیراعظم کی ترجیح ہے، آئل ریفائنریز کے ساتھ کل نشست میں تمام امور پر گفتگو ہوگی، ریفائنریز نے منافع بھی بہت کمایا ہے، اس بار ان کے تعاون پر شکر گزار ہیں، آئل ریفائنریز کے تعاون سے عوام کو 15 روپے فی لیٹر سستا فراہم کرنے کے قابل ہوئے، ریفائنریز کا 3 ماہ کا منافع پورے ایک سال سے زیادہ تھا۔ علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ کروڑوں افراد پیٹرول ریلیف سے مستفید ہو رہے ہیں، ریفائنریز کے ساتھ مل کر ڈیزل کے لیے کروڈ بیسڈ فارمولا طے کیا تھا، جمعے کو پیٹرول کی

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہشتگردی کے سہولت کاروں میں ملوث خیبر پختونخوا کی نااہل حکومت بھی تھی، ترجمان پاک فوج

صوبے میں ایک سہولت کار جو انسداد دہشت گردی میں رکاوٹ پیدا کر رہا تھا وہ اب وہاں موجود نہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا عالمی خبر رساں ادارے کو انٹرویو



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا ہے کہ دہشت گردی کے ان سہولت کاروں میں سے ایک خیبر پختونخوا میں نااہل اور لالچ حکومت بھی تھی، صوبے میں ایک سہولت کار جو

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر بہاولپور

اس لیے سیوریج لائنوں اور مین ہولز کی باقاعدگی سے چیکنگ کا مؤثر نظام وضع کیا جائے

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی زیر صدارت ستھرا پنجاب پروگرام پر عملدرآمد اور شہر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں شہر بھر میں جاری صفائی کے اقدامات، شہری

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ کے کھلاڑیوں کے لیے خوشخبری

اسی ہفتے جمنازیم اور کرکٹ اسٹیڈیم کا کام شروع ہو جائیگا، محمد اسحاق گجر

سینئر سپورٹس مین اور انٹرنیشنل ایوارڈ ہولڈر محمد اسحاق گجر کو ڈویژنل سپورٹس آفیسر عامر حمید سے ملاقات۔ میں یقین دہانی



احمد پور شرقیہ (پ ر) احمد پور شرقیہ کے کھلاڑیوں کے لیے بڑی خوشخبری *سینئر سپورٹس مین اور انٹرنیشنل ایوارڈ ہولڈر محمد اسحاق گجر کی ڈویژنل سپورٹس آفیسر *عامر حمید * سے اہم ملاقات۔ ملاقات میں کرکٹ اسٹیڈیم کی تزئین و

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نیب کی سالانہ آگاہی مہم بہاولپور ڈویژن کے طلبا و طالبات کے مابین

اردو، انگریزی اور سرائیکی زبانوں میں حسن تقریر مقابلہ کا انعقاد

تقریب کی صدارت پرنسپل گورنمنٹ صادق ایجرٹن کالج بہاولپور ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد نے کی، جبکہ ایڈیشنل ڈائریکٹر نیب ملتان توصیف حنیف مہمان خصوصی تھے



بہاول پور (پ ر) قومی احتساب بیورو (نیب) کی سالانہ آگاہی مہم کے سلسلے میں بہاولپور ڈویژن کی سطح پر سرکاری ونجی کالجوں کے طلبا و طالبات کے مابین اردو، انگریزی اور سرائیکی زبانوں میں مقابلہ حسنِ تقریر کا انعقاد کیا گیا۔ مقابلے کا مرکزی عنوان نوجوان: دیانت کی پہچان، بدعنوانی کے خلاف ایک آواز تھا، جس کا مقصد نوجوان نسل میں بدعنوانی کے خلاف شعور اجاگر کرنے کے ساتھ ایمانداری، شفافیت اور اصول پسندی کے فروغ کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ مقابلے میں بہاولپور ڈویژن کے مختلف سرکاری ونجی کالجوں کے طلبا و طالبات نے بھرپور

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر آفس کے سبزہ زار میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے شہریوں کے ریونیو سے متعلق مسائل اور شکایات سنیں

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر آفس کے سبزہ زار میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جہاں ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے دور دراز سے آنے والے شہریوں کے ریونیو سے متعلق مسائل اور شکایات سنیں اور ان کے فوری ازالے کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری میں ریونیو امور سے متعلق درخواستیں بھی وصول کی گئیں اور ان پر عملدرآمد کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ: معروف سینئر سپورٹس مین محمد اسحاق گجر ڈویژنل سپورٹس آفیسر عابد حمید سے بہاولپور میں ملاقات کر رہے ہیں

ایران کا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے سے انکار

تہران (سی ایم لنکس) ایران نے 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے کے امکان کو مسترد کر دیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بزم عاشقان دیدار مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر اہتمام پندرھویں سالانہ عظیم الشان محفل رحمت

5 نومبر 2026 بروز جمعرات بعد نماز عشا المدینہ میرج لان حکیم باغ ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ منعقد ہوگی

پیر سید مجتبیٰ شاہ بخاری پیر آف اوچ شریف بطور مہمان خصوصی شرکت کرینگے

سمہ سٹہ (افتخار احمد علوی) بزم عاشقان دیدار مصطفےٰ ،صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر اہتمام پندرھویں سالانہ عظیم الشان محفل رحمت کا سماں مورخہ 5 نومبر 2026 بروز جمعرات بعد نماز عشا المدینہ میرج لان حکیم باغ ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ زیر قیادت معروف ثنا خوان مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم محمد شاہد سعیدی مذہبی عقیدت و احترام سے منعقد ہو رہی ہے سماجی و مذہبی شخصیت پیر سید مجتبیٰ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بلدیاتی انتخابات: چیف الیکشن کمشنر نے 10 نومبر کو اہم اجلاس طلب کر لیا

سیکرٹری داخلہ، چیف کمشنر اور آئی جی اسلام آباد انہیں سیکیورٹی پلان پر بریفنگ دیں گے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے کیے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے 10 نومبر کو اہم اجلاس طلب کر لیا، جس میں سیکرٹری داخلہ، چیف کمشنر اور آئی جی اسلام آباد انہیں سیکیورٹی پلان پر بریفنگ دیں گے۔ وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ میں ڈینگی کے خلاف ریسکیو 1122 اور محکمہ صحت کا مشترکہ ڈینگی واک

تعلیمی اداروں میں آگاہی سیمینارز، شہریوں میں پمفلٹس تقسیم، آگاہی واک بھی نکالی گئی

ریسکیو اینڈ سیفٹی آفیسر احمد پور شرقیہ محمد رفیق، ڈاکٹر اسامہ معین، عمران حیدر سیال اور عابد رحیم نے شرکت کی



اوچ شریف +احمد پور شرقیہ) کرائم رپورٹر (احمد پور شرقیہ میں ڈینگی کے ممکنہ پھیلاؤ کی روک تھام اور عوامی شعور بیدار کرنے کے لیے ریسکیو 1122 اور محکمہ صحت نے مشترکہ طور پر بھرپور آگاہی مہم کا آغاز کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر بہاول پور اینڈ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 بہاولپور باقر حسین کی خصوصی ہدایات پر میسیو اینٹی ڈینگی ڈرائیو کے تحت تعلیمی اداروں میں آگاہی سیمینارز، شہریوں میں معلوماتی پمفلٹس کی تقسیم اور آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ ریسکیو اینڈ سیفٹی آفیسر احمد پور شرقیہ محمد رفیق کی زیر نگرانی منعقدہ سرگرمیوں میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا سب سے زیادہ بوجھ غریب طبقات برداشت کر رہے ہیں

وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا سب سے زیادہ بوجھ غریب طبقات برداشت کر رہے ہیں، پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کو عالمی مالیاتی نظام، بلند شرح سود اور ماحولیاتی تبدیلی کے باعث متعدد چیلنجز کا سامنا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ستھرا پنجاب پروگرام پر عملدرآمد اور شہر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

محمود لیڈیز پارک کی تزئین و آرائش اور صفائی ستھرائی

اسسٹنٹ کمشنر اقرا ناصر کی زیر نگرانی لیڈیز پارک کی صفائی ستھرائی، دیکھ بھال اور خوبصورتی کے لیے اقدامات جاری ہیں

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) محمود لیڈیز پارک کی تزئین و آرائش اور صفائی ستھرائی وزیراعلیٰ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پراں شریف میں حضرت خواجہ قطب الدین عرفان چشتی نظامی کا سالانہ تین روزہ عرس 6 نومبر سے شروع ہوگا

عرس مبارک کی تقریبات کی صدارت سجادہ نشین درگاہ معلیٰ پراں شریف حضرت خواجہ محکم الدین سائیں المعروف حضرت خواجہ پیر جمن سائیں کریں گے



جن پور (نامہ نگار) تحصیل لیاقت پور کے عظیم روحانی بزرگ اور صوفی شاعر حضرت خواجہ قطب الدین عرفان چشتی نظامی سائیں کا سالانہ تین روزہ عرس مبارک 6، 7 اور 8 نومبر بروز جمعہ، ہفتہ اور اتوار آستانہ عالیہ چشتیہ نظامیہ فخریہ پراں شریف میں عقیدت و احترام اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جائے گا عرس مبارک کی تقریبات کی صدارت سجادہ نشین درگاہ معلیٰ پراں شریف حضرت خواجہ محکم الدین سائیں المعروف

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان میں جدید زراعت کے فروغ کے لیے این پی او اور ایشیائی پیداواری تنظیم کا مشترکہ اقدام

لاہور میں بین الاقوامی ورکشاپ کا افتتاح

لاہور (سی ایم لنکس) قومی پیداواری تنظیم (NPO) پاکستان نے ایشیائی پیداواری تنظیم (APO) جاپان کے اشتراک سے لاہور میں پانچ روزہ بین الاقوامی ورکشاپ بعنوان *''زرعی شعبے میں جدید ویلیو ایڈڈ مصنوعات (سمارٹ ایگریکلچر)''** کا افتتاح کر دیا۔ 2 سے 6 نومبر 2026ء تک جاری رہنے والی اس ورکشاپ میں

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان اور چین کی شراکت داری خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کیلئے مضبوط اور قابلِ اعتماد ذریعہ ہے

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا چین پاکستان گورننس سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی شراکت داری خطے اور اس سے باہر امن و استحکام کیلئے ایک مضبوط اور قابلِ اعتماد ذریعہ ہے، پاکستان اور چین کے درمیان تعلقات کی مضبوطی صرف بین الحکومتی تعاون پر منحصر نہیں بلکہ مسلسل سیاسی مفاہمت، ادارہ جاتی روابط اور

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزارت صحت اور صحت کہانی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

ٹیلی میڈیسن کی سہولیات کے دائرہ کار کو وسعت دی جائے گی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزارت صحت اور معروف ڈیجیٹل ہیلتھ ٹیک اینڈ ٹیلی میڈیسن ادارے ''صحت کہانی'' کے درمیان ٹیلی میڈیسن کی سہولیات کے فروغ اور دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مدرسہ عربیہ امیر المدارس اوچ شریف کے زیر اہتمام سالانہ عظیم الشان دستارِ فضیلت کانفرنس کا انعقاد

قرآنِ کریم حفظ اور ناظرہ مکمل کرنے والے 70 طلبہ کی دستار بندی کی گئی

تقریب میں علمائے کرام، مذہبی شخصیات اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی

اوچ شریف (خبر نگار) مدرسہ عربیہ امیر المدارس اوچ شریف کے زیر اہتمام سالانہ عظیم الشان دستار فضیلت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں قرآنِ کریم حفظ اور ناظرہ مکمل کرنے والے 70 طلبہ کی دستار بندی کی گئی۔ روح پرور تقریب میں علمائے کرام، مذہبی شخصیات اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق دستار فضیلت حاصل کرنے والے طلبہ کی دستار بندی پیر

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایل پی جی کی قیمت میں اضافہ

سرکاری اور مارکیٹ نرخوں میں 250 روپے فی کلو تک فرق

مارکیٹ میں ایل پی جی 500 سے 550 روپے فی کلوگرام تک فروخت ہونے کی اطلاعات ہیں

چنی گوٹھ (نامہ نگار) ایل پی جی کی قیمت میں 14 روپے 73 پیسے فی کلوگرام اضافہ کر دیا گیا ہے، جس کے بعد نئی سرکاری قیمت 294 روپے 7 پیسے فی کلوگرام مقرر کر دی گئی ہے۔ اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے، تاہم دوسری جانب مارکیٹ میں ایل پی جی 500 سے 550 روپے فی کلوگرام تک فروخت ہونے کی اطلاعات ہیں، جس کے باعث سرکاری اور

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چھ سال سے تیار ہائیر سیکنڈری سکول کی عمارت فعال نہ ہو سکی

جن پور کے طلبہ بارہویں جماعت تک تعلیم سے محروم طلبہ اور والدین میں تشویش

گورنمنٹ ہائی سکول جن پور کی ہائیر سیکنڈری عمارت کو فعال بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں مطالبہ

جن پور (نامہ نگار) چھ سال سے تیار ہائیر سیکنڈری سکول کی عمارت فعال نہ ہو سکی جن پور کے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا یونین عوامی خدمت سروس کے سلسلے میں منعقدہ کھلی کچہری میں عوام کے مسائل کی سماعت کر رہے ہیں۔

صوبہ میں جب تک بلدیاتی انتخابات نہیں ہوتے عوام کے بنیادی مسائل حل نہیں ہو سکتے

شہری اور دیہی علاقوں کے چھوٹے چھوٹے مسائل حل کرنا ایم این اے اور ایم پی اے کے لئے ممکن نہیں

وزیراعلیٰ جلد بلدیاتی الیکشن کے شیڈول کا اعلان کریں، سابقہ کونسلران محمد شفیق کھوکھر، ملک عبدالرشید، اشرف خان ترین، ڈاکٹر صدیق آثم

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) صوبہ میں جب تک بلدیاتی انتخابات نہیں ہوتے عوام کے بنیادی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی و عالمی سلامتی کی بدلتی ہوئی صورتحال اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان اور چین کے درمیان ہر موسم میں آزمودہ سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا اظہار کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات کے دوران علاقائی و بین الاقوامی سلامتی کی بدلتی ہوئی صورتحال اور دوطرفہ تعلقات پر بھی گفتگو کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تاریخی اور آزمودہ دوستانہ تعلقات قائم ہیں۔ فیلڈ مارشل نے اعلیٰ سطح پر مسلسل روابط، ادارہ جاتی تعلقات کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا۔ چینی مہمان نے علاقائی امن واستحکام کے لیے پاکستان کی خدمات کو سراہا، چینی وزیر نے پاکستان اور چین کے دیرینہ سٹریٹجک تعلقات کو مزید آگے بڑھانے کے حوالے سے اعتماد کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 02

ورکرز جمعیت فاٹا کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ قبائلی اضلاع کے انضمام کو تقریباً دس سال مکمل ہونے والے ہیں، لیکن اب تک وہاں بندوبستی علاقوں جیسا انتظامی نظام قائم نہیں کیا جاسکا، اعلیٰ سطح پر انہیں بتایا گیا ہے کہ انضمام کا فیصلہ غلط تھا، سوال یہ ہے کہ پہلے انضمام کا فیصلہ کس کے کہنے پر کیا گیا اور اب اسے ختم کرنے کی باتیں کس کے اشارے پر ہورہی ہیں، یہ سب جانتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ سے پہلے بھی وہ نشاندہی کرتے رہے ہیں کہ قبائلی علاقوں میں اصل مسئلہ معدنی ذخائر کا ہے ہمیں معدنیات کی تلاش اور ترقی پر کوئی اعتراض نہیں تاہم ان وسائل سے متعلق معاہدے عوام کے سامنے لائے جائیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ قیمتی پتھر امریکی حکام کے دفاتر میں پیش کیے گئے اور امریکی اس بات کا اعتراف بھی کر چکے ہیں کہ وہ اس معاملے میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات دہشت گردی کے بیانیے کی بنیاد پر کیے گئے، لیکن جیسے ہی گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ ہوئی، دہشت گردی کا شور بھی ختم ہوگیا، ایک ہی صوبے میں دو الگ نظام کیوں قائم کیے جارہے ہیں؟ گورنر راج کے تحت گورنر کونسل وزیراعظم کے ماتحت ہے، جبکہ ایمرجنسی والے اضلاع وزارت داخلہ کے ماتحت ہیں۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ کوہاٹ کو بھی ایمرجنسی والے اضلاع میں شامل کرنے کی تیاری کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ کے فیصلے صدر مملکت کو بھجوا دیے گئے، لیکن گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ والے دن کابینہ میں ان کی بات تک پیش نہیں کی گئی۔ ایسے حالات میں ریاستی اداروں اور حکمرانوں پر اعتماد کیسے کیا جائے؟ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ قبائلی عوام کے خدشات دور کرے اور ان کے وسائل کے حوالے سے کیے گئے معاہدے منظر عام پر لائے۔ سیاسی ماحول پر بات کرتے ہوئے جے یو آئی سربراہ نے کہا کہ الزام تراشی اور کردارکشی کی مہم سے سیاسی ماحول خراب کیا جارہا ہے، ہم اختلاف رائے رکھنے والے لوگ ہیں اور مکالمے پر یقین رکھتے ہیں ان کے خلاف تشہیری مہم چلانے کے بجائے سیاسی بات چیت کی جائے، انہیں گالیاں دینے اور ان کے گھر، کچن اور جنریٹر کے پیچھے پڑنے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا، وہ اپنے گھر آنے والے تمام لوگوں کی قدر کرتے ہیں۔ خواجہ آصف سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ وہ ان کے محترم اور بڑے بھائی ہیں، انہوں نے خواجہ آصف کو صرف تھوڑی سی گدگدی کی تھی، لیکن انہیں غصہ اگلے روز آیا۔ انہوں نے طنزیہ انداز میں کہا کہ دوسرے دن مکا اٹھایا تو اسے اپنے ہی چہرے پر مارنا چاہیے تھا، کیونکہ مسلم لیگ)ن (نے اسی روز ایوان میں انہیں جواب دے دیا تھا۔ ہم تحمل کا مظاہرہ کر رہے ہیں تاہم جواب دینا ہمیں بھی آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس وسائل ہیں اور آپ کے پاس ٹیکنالوجی، اس لیے کھل کر عوام کے سامنے آئیں اور معاہدے کریں، گورنر کی جانب سے انہیں افغانستان جانے کا مشورہ دینے پر مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اگر ماضی میں آپ بھی انگریزوں کے ماتحت تھے تو پھر آپ بھی برطانیہ چلے جائیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ وہ اب بھی ملک میں صحت مند سیاسی ماحول دیکھنا چاہتے ہیں، لانگ مارچ کے معاملے پر مذاکرات کے ذریعے مسئلہ حل کرنے کا طریقہ خود وزیراعظم نے انہیں بتایا تھا، جبکہ تحریک انصاف کے سامنے بھی یہ تجویز رکھی گئی تو انہوں نے بھی اس پر اپنا مقف اختیار کیا، ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے ضروری ہے کہ ریاست قبائلی عوام کے خدشات دور کرے اور انہیں اپنے وسائل پر اعتماد میں لے۔

بقیہ نمبر 03

پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح انگریزی تقریری مقابلے میں بھی صادق پبلک سکول کے طالب علم سید علی زین العابدین نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ صادق پبلک سکول بہاول پور میں غیر نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے درج ذیل تقریبات منعقد ہوئیں جن میں انٹر ہاس انگریزی تقریری مقابلہ) پریپ (اور مقابلہ حسن قرت 2026 شامل ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے: پریپ سکول کے طلبہ و طالبات کے درمیان سالانہ انٹر ہاس انگریزی تقریری مقابلہ منعقد ہوا۔ اس تقریب کی صدارت عمر فرید عباسی نے کی جب کہ نظامت کے فرائض ایمان علی نے انجام دیے۔ مصنفین کے فیصلے کے مطابق سنجیدہ تقاریر میں زینب ہاس کی فاطمہ رئیس قریشی نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ جبکہ شہباز ہاس کے عبدالمعز اور عائشہ ہاس کی فائقہ عمر نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ فرید ہاس کے محمد عبداللہ خورشید نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ عالمگیر ہاس نارتھ کے عبدالسلام کو حوصلہ افزائی کا انعام دیا گیا۔ جبکہ مزاحیہ تقاریر میں پہلی پوزیشن عائشہ ہاس کی راحیم سلیمی نے حاصل کی۔ دوسری پوزیشن شہباز ہاس کے فضل نواز نے جبکہ تیسری پوزیشن عالمگیر ہاس ساتھ کے شاہزیب نے حاصل کی۔ فرید ہاس کے محمد حسان اعظم کو حوصلہ افزائی کا انعام دیا گیا۔ اقامتی درجہ بندی میں عائشہ ہاس نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ شہباز ہاس نے دوسری جبکہ زینب ہاس نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

مزید برآں سالانہ انٹر ہاس مقابلہ حسن قرت 2026 منعقد ہوا۔ مصنفین کے فیصلے کے مطابق پریپ سکول کے طلبہ وطالبات میں پہلی پوزیشن کی حقدار عدن خان قرار پائیں۔ دوسری پوزیشن فاکہہ شہباز جبکہ تیسری پوزیشن محمد حذیفہ نے حاصل کی۔ اسی طرح سینئر طلبہ وطالبات میں پہلی پوزیشن عمر عبداللہ نے حاصل کی۔ دوسری پوزیشن خدیجہ امین شیخ جبکہ تیسری پوزیشن حذیفہ عمر نے حاصل کی۔ صادق پبلک سکول کے پرنسپل بریگیڈیئر)ریٹائرڈ((عبدالحفیظ) ستارہ امتیاز ملٹری)نے طلبہ وطالبات کی شرکت کو سراہتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ادارے میں اس کے طلبہ کی ہم نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں شرکت بہت اہم ہوتی ہے۔ اس سے طلبہ وطالبات کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کا موقع ملتا ہے

بقیہ نمبر 04

)ضیا (کا ایک ایک رکن قومی اسمبلی کمیٹی میں شامل کیے جانے کا امکان ہے۔ اتحادی جماعتوں کو نمائندگی دینے کے لیے مسلم لیگ)ن (اپنے طے شدہ تناسب کے مطابق ملنے والی نشستوں میں کمی کرے گی۔ حکومتی ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ اتحادی جماعتوں کی کمیٹی میں شمولیت کے نتیجے میں قومی اسمبلی سے مسلم لیگ)ن (کی نمائندگی کے نو ارکان سے کم ہو جائے گی، اس حوالے سے مشاورت جاری ہے اور حتمی تشکیل سے متعلق فیصلہ ہونا باقی ہے۔

بقیہ نمبر 05

جانچ اور تصدیق کا عمل جاری ہے۔ حکام نے بتایا ہے کہ تصدیق کے بعد مقررہ معیار پر پورا اترنے والے افراد کے کارڈز کو بحال کیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 06

شریف نے کہا ہے کہ صحافیوں کو بلاخوف وخطر اپنے فرائض انجام دینے کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ صحافیوں کا تحفظ، آزادی صحافت اور آزادی اظہار جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان، سچائی کے علمبردار ہیں۔ صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ حق اور سچ کی راہ پر چلنے والے صحافیوں کے ساتھ ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ کریں گے۔ حق سچ کی آواز اٹھانے والے صحافیوں پر ظلم وتشدد بند ہونا چاہیے۔ صحافیوں کے حقوق کا تحفظ اور ان کے پیشہ ورانہ وقار کا احترام یقینی بنایا جانا چاہیے۔ احساس ذمہ داری کے ساتھ آزادی صحافت جمہوریت کی اساس ہے۔ آزاد اور ذمہ دار صحافت جمہوریت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مضبوط جمہوری معاشرے کے لیے صحافت کا آزاد ہونا بہت ضروری ہے۔ صحافیوں کو دھمکیاں دینے، تشدد کا نشانہ بنانے اور ہراساں کرنے کے واقعات ناقابل قبول ہیں۔ صحافیوں کے خلاف جرائم میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانا ضروری ہے۔ صحافی معاشرتی انصاف کے محافظ اور عوام کی آواز ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مزید کہا کہ ظلم، ناانصافی اور جھوٹ کو بے نقاب کرنے والے صحافی ہیرو ہیں۔ بحیثیت وزیراعلیٰ آزادی صحافت کے تحفظ کی ضامن ہوں۔ بے گھر صحافیوں کے لئے اپنی چھت کا خواب پورا کرنے کے لئے پرعزم ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سچائی کی آواز دبانے کی ہر کوشش معاشرے کے بنیادی حقوق پر حملہ ہے۔ پنجاب میں صحافی اور صحافت محفوظ ہے، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہاں قتل وتشدد کے واقعات ہوئے نہ ہی ہوں گے۔ حکومت پنجاب آزادی صحافت اور صحافیوں کے تحفظ کے اصولوں کی حمایت کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 07

انسداد دہشت گردی میں رکاوٹ پیدا کر رہا تھا وہ اب وہاں موجود نہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کو انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں پر واضح کیا کہ ہمارے پاس دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے ایک واضح حکمت عملی موجود ہے جس کا ایک حصہ یہ ہے کہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کو ختم کرنا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گردی سے متعلق کچھ ایسے مسائل بھی ہیں جنہیں ہمیں اندرونی طور پر سنبھالنا ہوگا، خیبرپختونخوا میں کوئی بھی مخصوص انسداد دہشت گردی کے آپریشنز کے خلاف نہیں ہے، وہی لوگ انسداد دہشت گردی کی مخالفت کرتے ہیں جن کا ان دہشت گردوں سے گٹھ جوڑ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں کسی بڑے فوجی آپریشن کے بجائے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن ہو رہے ہیں اور سیکورٹی فورسز روزانہ کی بنیاد پر تقریباً 200 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتی ہیں۔ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پولیس، فوج اور قانون نافذ کرنے والے دیگر ادارے مشترکہ تعاون سے کرتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ ہماری ذہنیت بھارت کی طرح نہیں ہے کہ ہم تمام داخلی مسائل کو بیرونی قرار دیں اور ہم یہ نہیں کہتے کہ پاکستان میں تمام دہشت گردی صرف افغانستان کی وجہ سے ہے بلکہ افغانستان وہ بنیادی اڈہ ہے جہاں سے پاکستان میں دہشت گردی ہوتی ہے جہاں دہشت گردوں کی قیادت، ان کے تربیتی کیمپ اور لانچ پیڈز موجود ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کا کسی بھی ملک یا فوج کے پاس وہ تجربہ نہیں جو ہمارے پاس گزشتہ 20 سال سے لڑنے کی وجہ سے ہے، خیبر پختونخوا کے لوگوں نے اس دہشت گردی کی وجہ سے سب سے زیادہ مصائب برداشت کیے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے غیور عوام بہادر ہیں اور پاکستانی معاشرے کا ایک بہت خاص حصہ ہیں، پشتونوں سے بہتر کوئی لوگ نہیں، وہ اپنی روایات پر فخر کرنے والے ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام امن و استحکام کا مطالبہ کرتے ہیں اور وہ اس کے مستحق بھی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کے خاتمے سے متعلق سوال ایک سیاسی سوال ہے جس کا جواب سیاستدان ہی بہتر دے سکتے ہیں، البتہ ہم جو سمجھتے اور جانتے ہیں وہ یہ ہے کہ حکومت کی تبدیلی آئینی و قانونی ضوابط کے مطابق ہوئی تھی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گرد اپنے آقاں کے اشاروں پر بلوچستان کی ترقی اور ترقیاتی منصوبوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، بلوچستان میں دہشت گرد نہ صرف مائننگ بلکہ ایل پی جی ٹرکوں، سکولوں اور اساتذہ پر بھی حملے کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد پلوں اور ریلوے لائنوں کو بھی تباہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ معاشی سرگرمیاں معطل ہوسکیں، ہروہ چیز جو مقامی آبادی کو روزگار اور معاشی قوت فراہم کرے، دہشت گرد اسے نشانہ بناتے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ بلوچستان کی اشرافیہ عام عوام کو غریب اور ان پڑھ رکھ کر اپنا اثر ورسوخ قائم رکھنا چاہتی ہے، دہشت گرد اور اشرافیہ بلوچ عوام کو غربت اور پسماندگی میں رکھنا چاہتے ہیں تاکہ محرومی کا بیانیہ برقرار رہے، بلوچستان میں دہشت گردوں اور اشرافیہ کا گٹھ جوڑ ہے، کیونکہ دونوں ہی صوبے کی ترقی کے مخالف ہیں۔

بقیہ نمبر 08

سہولیات کی بہتری اور عوامی مقامات کی خوبصورتی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہر بھر میں کھلے مین ہولز کی فوری نشاندہی کر کے ان پر حفاظتی ڈھکن نصب کیے جائیں تاکہ کسی بھی ممکنہ حادثے سے بچا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، اس لیے سیوریج لائنوں اور مین ہولز کی باقاعدگی سے چیکنگ کا مؤثر نظام وضع کیا جائے اور حفاظتی اقدامات میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ شہر کے تمام علاقوں، مرکزی شاہراہوں، بازاروں اور عوامی مقامات پر صفائی کے معیاری انتظامات یقینی بنائے جائیں جبکہ کوڑا کرکٹ کو بروقت اٹھانے، مناسب مقامات تک منتقل کرنے اور محفوظ طریقے سے تلف کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ صفائی کے سلسلے میں شہریوں کو درپیش مسائل کا فوری ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ صفائی ستھرائی کے عمل کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے، فیلڈ میں تعینات عملے کی حاضری اور کارکردگی کو یقینی بنایا جائے۔ شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے گرین بیلٹس، پارکوں اور دیگر عوامی مقامات کی صفائی، تزئین و آرائش اور شجرکاری کے اقدامات بھی مؤثر انداز میں جاری رکھے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام پر عملدرآمد میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے ہوئے صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنائیں تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا، محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 09

قیمتوں میں آنے والا 15 روپے اضافہ روکا گیا، ریفائنرز نے پیٹرول کی قیمت کنٹرول میں رکھنے کے لیے حکومت کا ساتھ دیا، ریفائنرز نے پیٹرول کی قیمت میں 15 ارب روپے کا لوڈ خود اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ خطے کی صورتحال کے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی ترسیل اور انشورنس کے خرچ بڑھ چکے ہیں، چند دنوں میں ہوئے واقعات کی وجہ سے عالمی منڈی میں پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے، پیٹرولیم مصنوعات سے متعلق لاجسٹک مسائل اور انشورنس میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر پیٹرولیم کا کہنا تھا کہ پیٹرولیم پریمیئم 10 سے 20 ڈالرفی بیرل بڑھ گیا ہے، جنگ سے پہلے پٹرول پر پریمیئم 5 ڈالر تھا جو 20 ڈالرفی بیرل پر گیا، ڈیزل پر خام تیل کا فارمولا لاگو ہے، مقامی ریفائنریز 30 فیصد پیٹرول بناتی ہیں، عوام نے تیل کی قیمت کے لیے بہت مشکلات برداشت کیں، حکومت کسی سے زیادتی نہیں کرے گی، عوام کا تحفظ یقینی بنائیگی۔ گیس کی آج جو چھ سات سو روپے فی کلو قیمت لی جارہی ہے یہ غلط ہے، گیس کی زیادہ قیمت لینے کے خلاف اقدامات لیے جارہے ہیں، ایک دو دن میں سامنے آجائیں گے، گیس کی قیمت میں جو عوام کو تکلیف دے رہے ہیں ان کو حساب دینا پڑیگا۔ آبنائے ہرمز میں پاکستان آنے والے ایل این جی کارگو پر حملے کے سوال پر علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ جس جگہ پر جہاز کو نشانہ بنایا گیا ہے وہ ہرمز سے پہلے ہے، کراسنگ کے اوپر نہیں ہوا، اس مشکل وقت میں ایندھن جہاں بھی جا رہا ہو انسانی بنیادوں پر اسے جانے دینا چاہیے، جہاز پر حملہ جہاں سے بھی ہوا ہے، تحقیقات میں سامنے آجائے گا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ وزیراعظم کی سخت ہدایت پر 15 روپے فی لیٹر قیمت کو نہیں بڑھنے دیا گیا، عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ وزیراعظم کا پہلے دن سے وژن تھا کہ عوام پر کم سے کم بوجھ ڈالا جائے، پاکستان میں فیول کی قلت نہیں، ہماری ضرورت پوری ہو رہی ہے، دنیا بھر کی معیشت جنگوں سے متاثر ہے، پاکستان کی معیشت بھی متاثر ہوئی، مشکل حالات کے باوجود پاکستان کے معاشی انڈیکیٹرز مثبت ہیں۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ موٹر سائیکل، رکشوں، چھوٹی گاڑی مالکان کو فیول ریلیف کا سلسلہ جاری رہیگا، اب تک پیٹرول کی مد میں 27 ارب روپیکا ریلیف دے چکے ہیں، یہ بہت بڑا ریلیف ہے، اسکیم کامیابی سے جاری ہے، امن کی کوششیں بھی جاری ہیں، امن آئیگا تو حالات معمول کی طرف لوٹیں گے، سبسڈی جاری ہے اور جو قیمت بڑھنی تھی وہ نہیں بڑھنے دی گئی۔ خیال رہے کہ وفاقی حکومت نے ریفائنریز کے لیے پیٹرول کی قیمت مقرر کرنیکا فارمولا تبدیل کردیا ہے۔ پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق وفاقی کابینہ نے نئے طریقہ کار کی منظوری دے دی ہے۔ حکومت نے آئل ریفائنریز کو ہدایت کی ہے کہ درآمدی قیمت اور ریفائنری کی سطح پر مقررہ قیمت کے درمیان فرق سرکاری خزانے میں جمع کرایا جائے، جب کہ اس سے حاصل ہونے والا مالی فائدہ پیٹرول کی قیمت میں کمی کی صورت میں عوام کو منتقل کیا جائیگا۔ حکومت نے ریفائنریز کو ہدایت کی ہے کہ آئندہ 30 روز تک پیٹرول کی قیمت کے تعین میں پریمیئم، دیگر اخراجات اور کسٹم ڈیوٹی کی سطح 7 مارچ 2026 کے مطابق برقرار رکھی جائے، جسے ایران اور امریکا کے درمیان جنگ سے قبل کی بنیاد تصور کیا گیا ہے۔ پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق درآمدی قیمت اور ریفائنری قیمت میں پیدا ہونے والا فرق پیٹرولیم لیوی کی مد میں قومی خزانے میں جمع ہوگا، اور اسی رقم کے برابر ریلیف پیٹرول کی قیمت میں کمی کے ذریعے صارفین کو دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 10

لیے متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے کہا کہ شہریوں کو ریلیف کی فراہمی سے عوام اور سرکاری اداروں کے درمیان اعتماد کی فضا مضبوط ہو رہی ہے اور عوامی مسائل کا بروقت حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد شہریوں کو براہ راست شنوائی کا موقع فراہم کر کے ان کے مسائل کا فوری حل یقینی بنانا ہے اور عوام کے لیے ان کے دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ریونیو عوامی خدمت سروس کے تحت ہر ماہ کے پہلے دو دنوں میں شہریوں کی درخواستیں وصول کر کے ان پر فوری کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے، جس سے عوام کو ریونیو امور کے سلسلے میں نمایاں ریلیف حاصل ہو رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ریونیو عوامی خدمت سروس کے دوران فرد کے اجرا، ریکارڈ کی درستگی، انتقال، رجسٹری، ڈومیسائل اور دیگر ریونیو معاملات کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے جا رہے ہیں۔ یہ سہولت ضلع کی تمام تحصیلوں میں بھی فراہم کی جا رہی ہے، جہاں متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز اور ریونیو افسران شہریوں کی درخواستوں اور شکایات کی سماعت کر کے ان کے حل کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شگفتہ جبین، اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی اقراء مبین، اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور صدر حمزہ احتشام، ریونیو افسران اور متعلقہ عملہ بھی موجود تھا۔

بقیہ نمبر 11

کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا ہے کہ تہران اپنا افزودہ یورینیم کسی دوسرے ملک کے حوالے نہیں کرے گا۔ ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے آئی آر آئی بی کے مطابق اسماعیل بقائی سے سوال کیا گیا تھا کہ کیا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے سے ایران اور امریکا کے درمیان معاہدے کی راہ ہموار ہوسکتی ہے؟ ان سے یہ بھی پوچھا گیا کہ آیا دوحہ میں ہونے والے مذاکرات کے دوران اس معاملے پر بات چیت ہوئی تھی۔ اس کے جواب میں ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے واضح کیا کہ ایران اپنا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل نہیں کرے گا۔ ایران کا 60 فیصد افزودہ یورینیم اس کے جوہری پروگرام سے متعلق مذاکرات کا ایک اہم موضوع ہے۔ تاہم ترجمان کے بیان میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ دوحہ مذاکرات میں اس معاملے پر کیا گفتگو ہوئی یا ایران اس حوالے سے کوئی متبادل تجویز پیش کرنے کے لیے تیار ہے یا نہیں۔ ایرانی مؤقف ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان ممکنہ معاہدے کے لیے سفارتی کوششیں جاری ہیں اور دونوں ممالک کے جوہری معاملات سمیت دیگر اختلافات حل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 12

انتخابات کے انتظامات کے حوالے سے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کو بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ بلدیاتی انتخابات کے لیے تمام انتخابی میٹریل کی خریداری سمیت تمام تیاری مکمل کرلی گئی ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ بیلٹ پیپرز کی پرنٹنگ کے بھی تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں جبکہ آئی جی اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کو ضروری انتظامات کے حوالے سے خطوط ارسال کیے جا چکے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے 20 اکتوبر کو اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن کے انعقاد کا شیڈول جاری کیا تھا، جس کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں 20 دسمبر کو پولنگ ہوگی۔ یاد رہے کہ وفاقی دارالحکومت میں آخری بلدیاتی انتخابات 2015 میں ہوئے تھے جن کے نتیجے میں تشکیل پانے والی منتخب بلدیاتی حکومت کی مدت 14 فروری 2021 کو ختم ہوگئی تھی۔ قانون کے تحت حکومت کی مدت ختم ہونے کے بعد 120 دن کے اندر نئے انتخابات کرائے جانے تھے لیکن قانون میں بار بار تبدیلیوں اور انتظامی مسائل کے باعث انتخابی عمل 5 سال سے تعطل کا شکار ہے۔

بقیہ نمبر 13

آرائش اور جمنازیم میں سہولیات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بیڈمنٹن، کراٹے، ٹیبل ٹینس اور باڈی بلڈنگ کے کھلاڑیوں کے لیے بڑی خوشخبری ہے کہ انشااللہ اسی ہفتے جمنازیم کا کام شروع ہو جائے گا اور کرکٹ اسٹیڈیم کا کام بھی شروع ہو جائے گا۔ ڈویژنل سپورٹس آفیسر عامر حمید نے یقین دہانی کروائی کہ اسی ہفتے دونوں منصوبوں پر کام کا باقاعدہ آغاز کردیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 14

شرکت کی۔ نوجوان مقررین نے تینوں زبانوں میں مدلل تقاریر کے ذریعے بدعنوانی کے معاشرتی و قومی نقصانات، دیانت داری کی اہمیت اور شفاف معاشرے کے قیام کے لیے نوجوانوں کے کردار کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا۔ تقریب کی صدارت پرنسپل گورنمنٹ صادق ایجرٹن کالج بہاولپور ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد نے کی، جبکہ ایڈیشنل ڈائریکٹر نیب ملتان توصیف حنیف مہمان خصوصی تھے۔ مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈائریکٹر نیب ملتان توصیف حنیف نے اپنے خطاب میں کہا کہ نوجوان ملک و قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں اور وہ بدعنوانی کے خلاف جدوجہد میں کلیدی کردار ادا کرسکتے ہیں۔ نیب کی آگاہی مہم کا مقصد صرف کرپشن کے خاتمے کے لیے اقدامات کرنا نہیں بلکہ نوجوان نسل میں دیانت داری، ایمانداری اور شفاف طرز عمل کا شعور بیدار کرنا بھی ہے تاکہ معاشرے میں بدعنوانی کے خاتمے اور مثبت اقدار کے فروغ کو یقینی بنایا جاسکے۔ پرنسپل ایس ای کالج ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد نے کہا کہ تعلیمی ادارے طلبا و طالبات کی علمی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ ان کی اخلاقی و کردار سازی میں بھی بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ عملی زندگی میں ایمانداری اور اصول پسندی کو اپنا شعار بنائیں کیونکہ دیانت دار نوجوان ہی قوم کے روشن مستقبل اور ملک کی ترقی کی ضمانت ہیں۔ مقابلہ حسن تقریر کے نتائج کے مطابق انگریزی مقابلے میں گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن، سیٹلائٹ ٹاؤن بہاولپور کی عمارہ نذیر نے پہلی، گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن رحیم یار خان کی ہریرہ زمان نے دوسری اور اسی کالج کی ایمن سعید نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اردو تقریری مقابلے میں گورنمنٹ گریجویٹ کالج صادق آباد کے محمد نافع ظفر نے پہلی، گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن رحیم یار خان کی شیبہ منظور نے دوسری اور گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن بہاولنگر کی صدیقہ ربانی نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح سرائیکی تقریری مقابلے میں گورنمنٹ صادق ایجرٹن گریجویٹ کالج بہاولپور کے محمد حسان شاہ نے پہلی، گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن، دبئی محل روڈ بہاولپور کی خدیجہ ممتاز نے دوسری اور گورنمنٹ گریجویٹ کالج صادق آباد کے محمد رانا شہزاد نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ مقابلوں کے شفاف اور غیر جانبدارانہ انعقاد کے لیے نامور تعلیمی و ادبی شخصیات نے بطور منصف فرائض انجام دیے، جن میں دی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے شعبہ انگریزی کی ڈاکٹر نورین اصغر، بہاالدین زکریا یونیورسٹی لودھراں کیمپس کی ڈاکٹر مریم امتیاز، گورنمنٹ گریجویٹ کالج بغداد روڈ کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر ابوذر منیر، گورنمنٹ صادق ایجرٹن کالج کے ریٹائرڈ ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر سید عبدالعزیز بخاری، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے شعبہ سرائیکی کے محمد ممتاز خان بلوچ اور گورنمنٹ صادق ایجرٹن کالج کے شعبہ سرائیکی کی شائلہ منظور شامل تھیں۔ تقریب کے اختتام پر نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والے طلبا و طالبات میں مہمان خصوصی، صدر تقریب اور نیب حکام کی جانب سے اسناد، ٹرافیاں اور انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی عملی زندگی میں دیانت داری، شفافیت اور اصول پسندی کو ترجیح دیتے ہوئے بدعنوانی کے خاتمے اور ایک ذمہ دار معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 15

ہے، ترقی کو محض معاشی اشاریوں کے بجائے انسانی حقوق، موسمیاتی انصاف اور آئندہ نسلوں کے تحفظ کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے، حقیقی پائیدار ترقی کے لیے موسمیاتی آفات سے نقصانات کی پیشگی روک تھام، محفوظ انفراسٹرکچر کی تعمیر اور مقامی سطح پر اختراعی و معاشی مواقع پیدا کرنا ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں ایس ڈی پی آئی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک عالمی مالیاتی نظام، بلند شرح سود، جنگوں اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے باعث ترقی کے سفر میں متعدد چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 70 سال سے ترقی کے ایک ایسے تصور کو پیش کیا جا رہا ہے جس کے تحت سرمایہ کاری، زرعی پیداوار، صنعت اور خدمات کے شعبے کے ذریعے غربت سے نکلنے کا راستہ دکھایا جاتا رہا تاہم اس عمل میں دنیا کے بنیادی اصولوں، باہمی انحصار اور عالمی نظام میں عدم مساوات کو نظرانداز کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دنیا کو ایک عالمی گاؤں اور مشترکہ معاشی وسماجی نظام کے طور پر پیش کیا جاتا رہا لیکن حقیقت میں عالمی سطح پر طاقت اور وسائل کی غیر مساوی تقسیم موجود ہے۔ مختلف ممالک ویزا پالیسیوں، صنعتی پالیسیوں اور گرین معاہدوں کے ذریعے نئی رکاوٹیں کھڑی کر رہے ہیں جس سے ترقی پذیر ممالک کے لیے مواقع محدود ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال کے دوران غریب طبقات کے لیے دستیاب مالی وسائل میں 23 فیصد کمی ہوئی ہے۔ ترقی یافتہ ممالک اپنی ترقی کے لیے تقریباً 2.2 فیصد شرح سود پر قرض حاصل کرتے ہیں جبکہ پاکستان جیسے ممالک کو 5.2 فیصد شرح سود ادا کرنا پڑتی ہے۔ دنیا کی تقریباً 3.7 ارب آبادی ایسی ہے جو قرضوں پر سود کی ادائیگی کے باعث تعلیم اور صحت پر زیادہ اخراجات کرنے سے قاصر ہے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ قرضوں کا ایک بوجھ موسمیاتی تبدیلی اور بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کی صورت میں بھی غریب انسان اپنے جسم سے ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے جیکب آباد کے ایک اینٹوں کے بھٹے پر کام کرنے والے مزدور گلاب بروہی کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ شدید گرمی میں کام کرنے کے باوجود وہ محض اس لیے بھٹی پر موجود رہتا ہے تاکہ اس کے بچے بھوکے نہ مریں۔ ان کے بقول یہ صرف موسم یا درجہ حرارت کا معاملہ نہیں بلکہ غریب طبقے پر عائد ہونے والا ایک ایسا بوجھ ہے جس کی قیمت وہ اپنی صحت اور زندگی سے ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جیسے ممالک کم ترقی یافتہ ہونے کے بجائے عالمی نظام کے ڈاؤن اسٹریم حصے میں ہیں جہاں انہیں ایسے فیصلوں، مالیاتی پالیسیوں، جنگوں اور عالمی حالات کے اثرات برداشت کرنا پڑتے ہیں جن میں ان کا براہ راست کردار نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک کو حقوق اور موسمیاتی انصاف کو بھی ترقی کے مباحثے کا حصہ بنانا ضروری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان میں ترقی کے حوالے سے تین بنیادی سوالات اہم ہیں۔ پہلا یہ کہ کیا ہماری ترقی آئندہ سیلاب کے دوران برقرار رہ سکے گی، دوسرا یہ کہ قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات کی قیمت کون ادا کرے گا اور تیسرا یہ کہ ترقیاتی منصوبوں کی ملکیت کس کے پاس ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایسی ترقی کی ضرورت ہے جو ہر دو چار سال بعد سیلاب کی نذر نہ ہو اور جس کا بوجھ ہر مرتبہ غریب طبقے کو برداشت نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ حقیقی موسمیاتی لچک (ریزیلینس) کا مطلب یہ نہیں کہ متاثرہ افراد کو ہر آفت کے بعد دوبارہ کھڑے ہونے کا کہا جائے بلکہ ایسے اقدامات کیے جائیں جن سے نقصانات کو پہلے ہی روکا جا سکے۔ اس مقصد کے لیے سیلابی میدانوں میں غیر محفوظ تعمیرات سے گریز، محفوظ مقامات پر گھروں کی تعمیر اور نئے انفراسٹرکچر کی منصوبہ بندی ضروری ہے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ شدید گرمی اور بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کو انسانی حقوق کے مسئلے کے طور پر اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ اس شعبے میں نئی مارکیٹ اور معاشی مواقع بھی پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں شیڈز، کولنگ اور مقامی سطح پر تیار کردہ حل پر توجہ دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے گرین یونیورسٹی کے تصور پر بھی کام کیا جا رہا ہے جس کے تحت علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، نسٹ، لمز، آغا خان یونیورسٹی اور دیگر پاکستانی جامعات کو عالمی تحقیقی اداروں کے ساتھ منسلک کیا جائے گا۔ اٹلی کے ساتھ روابط اور برطانیہ کے ساتھ گرین کمپیکٹ کے تحت گلیشیئرز اور دیگر ماحولیاتی موضوعات پر مشترکہ تحقیق، طلبہ و اساتذہ کے تبادلے اور تحقیقی پروگرام شروع کرنے کا منصوبہ ہے۔ اس اقدام کو ورچوئل گرین یونیورسٹی کا نام دیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے گرین کلاؤڈ پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں ٹیکس دہندگان کے پیسے سے حاصل ہونے والے وسائل اور سہولیات نوجوانوں کو مفت فراہم کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے تاکہ وہ ان سے استفادہ کرتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاسکیں۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت نے گرین فیلڈ پروگرام کے تحت ایک کروڑ ڈالر کا فنڈ قائم کیا ہے جس کا بورڈ بھی تشکیل دے دیا گیا ہے جبکہ آئندہ تین ماہ کے دوران پہلا مقابلہ منعقد کرنے کا منصوبہ ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے اسٹارٹ اپس اور نئی کاروباری سرگرمیوں میں سرمایہ کاری کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یونیسیف، یو این ڈی پی، ورلڈ بینک، ایشیائی ترقیاتی بینک اور جی آئی زیڈ سمیت مختلف عالمی شراکت دار اس پروگرام میں تعاون کر رہے ہیں، حکومت تمام شراکت داروں کے اشتراک سے ایسا فنڈ تشکیل دینا چاہتی ہے جو نئے کاروباری منصوبوں اور اختراعی اقدامات کے فروغ میں معاون ثابت ہو۔

بقیہ نمبر 16

مختلف ممالک کے بین الاقوامی مندوبین، زرعی ماہرین اور پاکستانی پیشہ ور افراد شرکت کر رہے ہیں۔ ورکشاپ کا مقصد جدید ٹیکنالوجی، جدت، پائیدار زرعی طریقوں اور ویلیو ایڈیشن کے ذریعے زرعی پیداوار اور مسابقتی صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی *ندیم الرحمٰن، جوائنٹ سیکریٹری، وزارت صنعت و پیداوار، حکومتِ پاکستان* تھے۔ تقریب کا ایک اہم حصہ *اے پی او نیشنل پروڈکٹیوٹی ایوارڈز 2025* کی تقسیم بھی تھا، جن کے ذریعے پیداواری صلاحیت میں اضافے، جدت، بہترین کارکردگی اور مسلسل بہتری کے فروغ میں نمایاں خدمات انجام دینے والے اداروں اور متعلقہ شعبوں کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی ندیم الرحمٰن نے کہا کہ زراعت پاکستان کی معیشت کا بنیادی ستون ہے، جو غذائی تحفظ، روزگار کے مواقع، دیہی ترقی اور صنعتی شعبے کو خام مال کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں زرعی پیداوار بڑھانے کے لیے زمین اور مٹی کے پائیدار انتظام، قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور زرعی مصنوعات کی ویلیو ایڈیشن پر خصوصی توجہ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جدید زرعی طریقوں کو اپنانا اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ حکومتِ پاکستان کے معاشی ترقی کے اہداف، بالخصوص *اڑان پاکستان (PakistanURAAN) اور 5Es نیشنل اکنامک ٹرانسفارمیشن پلان* کے حصول کے لیے نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے پیداواری صلاحیت، جدت اور ادارہ جاتی استعداد کار میں اضافے کے لیے ایشیائی پیداواری تنظیم کے مسلسل تعاون اور تکنیکی معاونت کو بھی سراہا۔ اس موقع پر *محمد عالمگیر چوہدری، چیف ایگزیکٹو آفیسر، قومی پیداواری تنظیم (NPO) پاکستان* نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ این پی او ملک کی معیشت کے مختلف شعبوں میں پیداواری صلاحیت، جدت اور مسابقت کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبے کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ صنعتی پیداوار جتنا ہی اہم ہے، کیونکہ زراعت نہ صرف غذائی تحفظ اور روزگار کی فراہمی کا ذریعہ ہے بلکہ صنعتی شعبے کے لیے خام مال کی فراہمی میں بھی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سمارٹ ایگریکلچر، زمین اور مٹی کے پائیدار انتظام، وسائل کے مؤثر استعمال اور جدید ویلیو ایڈڈ مصنوعات کے فروغ سے زرعی کارکردگی کو بہتر بنانے، زراعت اور صنعت کے درمیان روابط مضبوط کرنے اور زرعی بنیادوں پر قائم کاروباری اداروں کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے شرکاء پر زور دیا کہ وہ بین الاقوامی ماہرین کے تجربات اور بہترین طریقہ کار سے استفادہ کریں اور ورکشاپ کے دوران حاصل ہونے والے علم کو عملی اقدامات میں تبدیل کرتے ہوئے زرعی پیداوار اور پائیداری میں قابل پیمائش بہتری لائیں۔ پانچ روزہ ورکشاپ کے دوران پائیدار زرعی طریقوں، زمین اور مٹی کے بہتر انتظام، وسائل کے مؤثر استعمال، جدید ٹیکنالوجی اور ڈیٹا کی مدد سے زرعی پیداوار میں اضافے، زرعی مصنوعات کے معیار میں بہتری اور ویلیو ایڈیشن کے جدید طریقوں پر توجہ دی جائے گی۔ اس پروگرام میں ایشیائی پیداواری تنظیم کے رکن ممالک کے ماہرین اور شرکاء کو اپنے تجربات اور بہترین عملی طریقہ کار کے تبادلے کے مواقع بھی فراہم کیے جائیں گے۔ اس بین الاقوامی اقدام کے ذریعے کسانوں، زرعی کاروباری اداروں اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی استعداد کار میں اضافہ، پیداواری لاگت اور وسائل کے ضیاع میں کمی، زرعی مصنوعات کے معیار میں بہتری اور زرعی ویلیو چین میں معاشی قدر بڑھانے کی کوشش کی جائے گی۔ قومی پیداواری تنظیم پاکستان اور ایشیائی پیداواری تنظیم جاپان کا یہ مشترکہ اقدام پاکستان میں قومی پیداواری تحریک کو مضبوط بنانے، بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے اور ملک کے زرعی شعبے کو جدید، پائیدار اور عالمی سطح پر مسابقت کے قابل بنانے کے مشترکہ عزم کا عکاس ہے۔

بقیہ نمبر 17

شاہ بخاری پیر آف اوچ شریف بطور مہمان خصوصی شرکت کرینگے جسمیں بہاولپور سمہ سٹہ خانقاہ شریف نور پور نورنگا و گردونواح سے معتقدین محبین اس بابرکت تقریب میں شرکت کر کے اللہ تعالی کی رحمت سے فیض یاب ہوں گے

بقیہ نمبر 18

ہماری سیاسی جماعتوں کے درمیان تبادلوں پر استوار ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں چین کے صدر شی جن پنگ کے پارٹی سازی سے متعلق نظریات کے موضوع پر سمپوزیم اور چین پاکستان گورننس سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان کے دورہ پر آئے ہوئے کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی شعبہ (آئی ڈی سی پی سی) کے وزیر لیو ہائی شینگ اور پاکستان میں چین کے سفیر بھی موجود تھے۔ نائب وزیراعظم نے فورم کی مشترکہ صدارت کرنے اور ایک نہایت اہم موضوع پر اظہار خیال کرنے پر مسرت کا اظہار کیا اور اس اہم کانفرنس میں شرکت کیلئے دعوت قبول اور اسلام آباد آنے پر چین کے وزیر لیو ہائی شنگ سے اظہار تشکر کیا۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ آج کے سمپوزیم نے حکمرانی، ادارہ سازی اور قومی ترقی میں سیاسی جماعتوں کے دیرپا کردار پر غور وفکر کرنے اور پاکستان وچین کے درمیان دیرینہ جماعتی روابط اور تبادلوں کو مزید گہرا کرنے کا ایک اہم موقع فراہم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم صدر شی جن پنگ کے پارٹی سازی سے متعلق نظریات کی فکری خدمات اور کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کے اس تجربے کو سراہتے ہیں جس کے ذریعے اس نے اپنے اصولوں کو موثر حکمرانی اور ترقی کے ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ آج کی ہماری گفتگو پاکستان اور چین کے تعلقات کی بنیاد بننے والی گہری سیاسی مفاہمت اور تزویراتی اعتماد کی عکاسی کرتی ہے اور یہ ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھنے اور اپنے مشترکہ عزائم کو آگے بڑھانے کے عزم کی بھی توثیق کرتی ہے۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ چین کے وزیر کے خطاب نے صدر شی جن پنگ کے پارٹی سازی سے متعلق نظریات کو پانچ جہتوں سے جامع انداز میں سمجھنے کا موقع فراہم کیا جن میں ان کی نظریاتی بنیادیں، عملی اطلاق، عوام کو نقطہ نظر کا مرکز بنانا، ثقافتی جڑیں اور عالمی اہمیت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کی گفتگو سے حاصل ہونے والا ایک بنیادی سبق یہ ہے کہ قومی اتحاد، ادارہ جاتی استحکام اور پائیدار ترقی کے لیے بصیرت افروز قیادت ناگزیر ہے، صدر شی جن پنگ کی دانشمندانہ قیادت میں کمیونسٹ پارٹی آف چائنا نے چین کی قومی احیائے نو کے سفر کو تیز تر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کی غیر معمولی ترقی کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کے جماعتی نظم وضبط، تنظیمی صلاحیت، بدعنوانی کے خاتمے اور عوام مرکز حکمرانی کے لئے غیر متزلزل عزم کا نتیجہ ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ چین نے مسلسل پالیسی اقدامات کے ذریعے کروڑوں افراد کو غربت سے نکالا اور عالمی سطح پر غربت کے خاتمے میں تاریخی کردار ادا کیا ہے، چین نے اپنا پہلا صد سالہ ہدف کامیابی سے حاصل کرلیا ہے جس کے تحت ہر لحاظ سے ایک معتدل خوشحال معاشرے کی تعمیر کی گئی، اب چین اپنے دوسرے صد سالہ ہدف میں وہ ہر لحاظ سے ایک عظیم جدید سوشلسٹ ملک کی تعمیر کی جانب پیش قدمی کر رہا ہے۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ چین کا تجربہ ہمارے لئے ایک بہترین عملی مثال ہے، یہ تجربہ ظاہر کرتا ہے کہ دور اندیش قیادت کس طرح طویل المدتی قومی ترجیحات کا تعین، اجتماعی کوششوں کو متحرک اور عوام کی بہتری کیلئے ترجیحات کو ٹھوس فوائد میں تبدیل کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کیلئے چینی بھائیوں کے ساتھ حکمرانی کے تجربات کا تبادلہ ہماری دیرینہ، باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری کا حصہ ہے۔ قیادت کی ترقی، اداروں کو مضبوط بنانے اور موثر حکمرانی کے شعبوں میں تعاون ہمارے مشترکہ اہداف استحکام، خوشحالی اور پائیدار ترقی کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے معاشی خود انحصاری اور استحکام کی جانب اہم پیشرفت کی ہے، اب ہم معاشی استحکام کو مزید مستحکم کرنے کے مرحلے میں داخل ہو رہے ہیں، ہماری کامیابیاں حکمرانی میں اصلاحات سے جڑی ہیں جن میں میکرو اکنامک نظم وضبط، اداروں کی جدت کاری، ڈیجیٹل ٹیکس انتظامیہ اور ضابطہ کاری کو آسان بنانا شامل ہیں، سال رواں دونوں ممالک کیلئے خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور چین سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں جبکہ کمیونسٹ پارٹی آف چائنا اپنی 105 ویں یوم تاسیس کی تقریبات منا رہی ہے، گزشتہ 75 برسوں کے دوران پاکستان اور چین کے تعلقات باہمی اعتماد، احترام اور حمایت کی بنیاد پر ہمہ موسمی آزمائش پر پورا اترنے والی تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری میں تبدیل ہو چکے ہیں، اس تعلق کو مضبوط بنانے میں پاکستان میں چین کے ساتھ تعلقات کی حمایت پر مبنی وسیع سیاسی اتفاق رائے نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ہمہ موسمی تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری اس حقیقت کی عکاس ہے کہ ملک کے تمام سیاسی حلقے پاکستان اور چین کی شراکت داری کو ملک کا ایک اہم تزویراتی اثاثہ تسلیم کرتے ہیں۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ دنیا نے مشاہدہ کیا ہے کہ پاکستان اور چین کی شراکت داری خطے اور اس سے باہر امن واستحکام کے لیے ایک مضبوط اور قابل اعتماد ذریعہ ہے، رواں سال 31 مارچ کو پاکستان اور چین نے مشرق وسطیٰ میں امن کی بحالی کیلئے مشترکہ طور پر پانچ نکاتی امن اقدام کا آغاز کیا۔ بعدازاں چین کے صدر شی جن پنگ کی جانب سے مشرق وسطی کے لئے چار نکاتی امن تجویز جامع، مشترکہ اور ناقابل تقسیم سلامتی کے فروغ سے متعلق چین کے نظریے کا ایک اہم اظہار ثابت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ صدر شی جن پنگ کے تاریخی عالمی حکمرانی اقدام (جی جی آئی) نے بھی بین الاقوامی حکمرانی کے نظام میں انصاف، مساوات اور شفافیت کو آگے بڑھانے کیلئے چین کے مستقل عزم کو اجاگر کیا ہے، یہ اقدامات ترقی پذیر ممالک اور عالمی جنوب کے مفادات کیلئے چین کے عزم کی واضح مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی مرکزی کمیٹی (آئی ڈی سی پی سی) کا بین الاقوامی شعبہ پاکستان کی سیاسی جماعتوں کے ساتھ مسلسل روابط کے ذریعے پاک چین دوستی کو فروغ دینے میں ہمارا اہم شراکت دار رہا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ چین پاکستان سیاسی جماعتوں کا فورم اور سی پیک سیاسی جماعتوں کا مشترکہ مشاورتی نظام دونوں ممالک کے درمیان مسلسل مکالمے، سیاسی تعاون اور تجربات کے تبادلے کیلئے قیمتی پلیٹ فارم فراہم کرتے ہیں، ہمارے روابط پاکستان اور چین کے تعلقات کے ایک اہم پہلو کو اجاگر کرتے ہیں کہ ان تعلقات کی مضبوطی صرف بین الحکومتی تعاون پر منحصر نہیں بلکہ مسلسل سیاسی مفاہمت، ادارہ جاتی روابط اور ہماری سیاسی جماعتوں کے درمیان تبادلوں پر بھی استوار ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ رواں سال مئی میں اپنے دورہ بیجنگ کے دوران ہم نے دوسرے چین پاکستان سیاسی جماعتوں کے فورم اور سی پیک سیاسی جماعتوں کے مشترکہ مشاورتی نظام کے چوتھے اجلاس کا انعقاد کیا۔ ان اجلاسوں نے سی پیک 2.0 کے تحت ہمارے مشترکہ اہداف کو آگے بڑھانے میں سیاسی روابط کی اہمیت کی توثیق کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کمیونسٹ پارٹی آف چائنا اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے درمیان مفاہمت کی ایک یادداشت پر بھی دستخط کئے جو جماعتی سطح پر زیادہ منظم اور مسلسل تعاون کے ہمارے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ ان اجلاسوں میں پاکستان نے سیاسی مکالمے، حکمرانی میں تعاون، نوجوانوں کی شمولیت، عوامی روابط اور علاقائی تعاون کے فروغ کیلئے پانچ سیاسی راہداریوں کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عملی اقدامات، باقاعدہ تبادلوں اور موثر پیش رفت کے ذریعے ان نتائج کو مزید آگے بڑھانا چاہیے۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ آج کی نتیجہ خیز گفتگو کو سامنے رکھتے ہوئے ہم اہم سفارشات کو پانچ وسیع شعبوں میں یکجا کر سکتے ہیں جن میں پہلے نمبر پر جماعتی تنظیموں اور نچلی سطح کے ڈھانچوں کو مضبوط بنانا، تنظیمی صلاحیت، داخلی ہم آہنگی اور مقامی برادریوں کے ساتھ روابط کو بہتر بنانا شامل ہے۔ دوسرے نمبر پر ترقی کے متبادل راستوں کی تلاش، طویل المدتی منصوبہ بندی، اعلی معیار کی ترقی اور جدت کاری کے عمل کو آگے بڑھانا ہے جبکہ تیسرے نمبر پر عوام پر مرکوز مرکز حکمرانی کے ذریعے عوامی اعتماد کو مضبوط بنانا، شہریوں کی فلاح و بہبود کو ترجیح دینا، عوامی خدمات کو بہتر بنانا اور اس بات کو یقینی بنانا کہ ترقی کے ثمرات عام لوگوں تک پہنچیں۔ اس کے علاوہ بدعنوانی کا خاتمہ اور احتساب کا فروغ، نظم وضبط، شفافیت، دیانت داری اور سرکاری عہدوں کے ناجائز استعمال کی روک تھام کے نظام کو مضبوط بنانا شامل ہے۔

بقیہ نمبر 19

گئے۔ اس سلسلے میں وزارت صحت میں منعقدہ تقریب سے وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے خطاب کیا۔ وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ آج ہم نے ایک اور اہم سنگ میل عبور کیا ہے۔ ٹیلی میڈیسن منصوبے کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے اور آج دوسرے مرحلے کا باقاعدہ آغاز کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں صحت کہانی کے اشتراک سے 10 ٹیلی میڈیسن سینٹرز قائم کیے گئے تھے، جبکہ دوسرے مرحلے میں مزید 10 سینٹرز قائم کیے جارہے ہیں۔ اس کے علاوہ پمز کی او پی ڈی اور ٹراما سینٹر کو بھی ٹیلی میڈیسن کے نظام سے منسلک کیا جارہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہماری ہر ممکن کوشش ہے کہ عام آدمی کی زندگی میں بہتری لائی جاسکے۔ ٹیلی میڈیسن کی سہولت کے فروغ سے بڑے اسپتالوں پر مریضوں کا دباؤ کم ہوگا اور عوام کو گھر کی دہلیز پر مستند اور اچھے ڈاکٹروں کی خدمات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے موجودہ دور میں عوام کو گھر بیٹھے طبی سہولیات کی فراہمی ایک اہم پیش رفت ہے۔ صحت کہانی کی جانب سے ڈاکٹروں کی خدمات مفت فراہم کی جا رہی ہیں، جبکہ ڈاکٹروں کی فیس بھی صحت کہانی خود ادا کر رہی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے بتایا کہ ٹیلی میڈیسن کے ذریعے اب تک عوام کے تقریباً 7 کروڑ روپے بچائے جا چکے ہیں، حالانکہ اس نظام کو شروع ہوئے ابھی چند ہی دن ہوئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیلی میڈیسن کے نظام میں 500 نئے ڈاکٹروں کا اضافہ کیا گیا ہے۔ وزارت صحت صحت کہانی کو مراکز کے لیے جگہ اور ادویات فراہم کر رہی ہے، جبکہ ڈاکٹروں کی فیس کی ادائیگی صحت کہانی کی ذمہ داری ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ ٹیلی میڈیسن کی سہولت کو گلگت بلتستان سمیت ملک کے مختلف علاقوں تک وسعت دی جا رہی ہے تاکہ دور دراز علاقوں کے عوام بھی معیاری طبی سہولیات سے مستفید ہوسکیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت عوام کو بہتر، آسان اور قابل رسائی طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایسے اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 20

طلبہ بارہویں جماعت تک تعلیم سے محروم گورنمنٹ ہائی سکول جن پور میں تقریبا چھ سے سات سال قبل مکمل ہونے والی ہائیر سیکنڈری سکول کی عمارت تاحال تدریسی سرگرمیوں کے آغاز اور اساتذہ کی تعیناتی کی منتظر ہے محکمہ بلڈنگ کی جانب سے عمارت محکمہ تعلیم کے حوالے کیے جانے کے باوجود بارہویں جماعت تک کلاسوں کا آغاز نہ ہوسکا جس کے باعث علاقے کے طلبہ اور والدین میں تشویش پائی جاتی ہے تفصیلات کے مطابق جن پور کے گورنمنٹ ہائی سکول میں ہائیر سیکنڈری سطح کی تعلیم کے فروغ کے لیے تعمیر کی جانے والی عمارت کئی سال قبل مکمل ہوچکی ہے تاہم متعلقہ حکام کی جانب سے مطلوبہ تدریسی عملہ تعینات نہ کیے جانے اور دیگر انتظامات مکمل نہ ہونے کے باعث یہ تعلیمی عمارت تاحال غیر فعال ہے اس صورتحال کے باعث میٹرک کے بعد طلبہ کو مزید تعلیم کے حصول کے لیے تقریبا بیس کلومیٹر دور لیاقت پور یا بارہ کلومیٹر دور خان بیلہ اور دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے سفری اخراجات معاشی مشکلات اور آمدورفت کی دشواریوں کے باعث بالخصوص غریب اور متوسط طبقے کے متعدد والدین اپنے بچوں کو دوسرے شہروں میں تعلیم دلوانے کی استطاعت نہیں رکھتے، جس کے نتیجے میں کئی طلبہ کا تعلیمی سفر میٹرک کے بعد ہی رک جاتا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر جن پور میں موجود مکمل عمارت کو فعال بنا کر بارہویں جماعت تک کلاسوں کا آغاز کردیا جائے تو سینکڑوں طلبہ کو اپنے ہی شہر میں اعلی تعلیم کے مواقع میسر آ سکتے ہیں سماجی شخصیت رانا ہارون عباس کی جانب سے بھی اس دیرینہ عوامی و تعلیمی مسئلے کو متعدد بار تحریری درخواستوں اور کھلی کچہریوں کے ذریعے متعلقہ حکام کے نوٹس میں لایا جاچکا ہے تاہم تاحال عملی پیش رفت سامنے نہیں آسکی شہریوں سید ظہیر احمد بابر مخدوم سید طارق حسین رضوی رانا ہارون عباس سید مختیار احمد رضوی مخدوم سید لطف جہانیاں ایڈووکیٹ سید کلیم اللہ رضوی، سید حنیف احمد ہاشمی، سید شاہد اقبال گیلانی، ملک کاشف صمد آرائیں ریاض تسکین دھریجہ اور چوہدری محمد عارف محمد ایاز لنگاہ محمد اویس ہاشمی رانا جہانزیب ساجد رانا شاہ زیب ساجد رانا محمد ابوبکر مہر سہیل سیال مہر ہاشم سیال سعیدی مہر نازک سیال سعیدی صدام حسین رند دیگر نے منتخب عوامی نمائندوں ایم پی اے سردار حاجی غضنفر علی خان لنگاہ، ایم این اے مخدوم سید مرتضی محمود وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات سے مطالبہ کیا ہے کہ گورنمنٹ ہائی سکول جن پور کی ہائیر سیکنڈری عمارت کو فعال بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں مطلوبہ تدریسی عملہ تعینات کیا جائے اور بارہویں جماعت تک کلاسوں کا باقاعدہ آغاز یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 21

مارکیٹ نرخوں میں تقریبا 206 سے 256 روپے فی کلوگرام تک فرق پیدا ہوگیا ہے۔ سردیوں کی آمد سے قبل ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے اور مارکیٹ میں مہنگے داموں فروخت نے گھریلو صارفین کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ایل پی جی خصوصاً ان علاقوں میں گھریلو ایندھن کا اہم ذریعہ ہے جہاں پائپ لائن کے ذریعے گیس کی سہولت دستیاب نہیں۔ ایسے علاقوں کے شہری پہلے ہی مہنگائی کے باعث مالی دبا کا شکار ہیں اور اب گیس کی قیمتوں میں اضافے سے ان کے گھریلو اخراجات مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر سرکاری قیمت 294 روپے 7 پیسے فی کلوگرام مقرر ہے تو مارکیٹ میں ایل پی جی 500 سے 550 روپے فی کلوگرام تک فروخت ہونے کی وجوہات کا تعین کیا جانا چاہیے۔ متعلقہ حکام کو چاہیے کہ وہ ایل پی جی کی فروخت کے نرخوں کی نگرانی کریں، سرکاری قیمتوں پر عمل درآمد یقینی بنائیں اور مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کریں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔

بقیہ نمبر 22

طریقت، رہبر شریعت حضرت مولانا سید محمد زکریا شاہ آف فیصل آباد نے کی۔ اس موقع پر سابق سینیٹر اور جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ، مولانا پروفیسر محمد مکی، مولانا کلیم احمد لدھیانوی، مولانا عبدالقدوس قدوسی، مولانا مفتی عبدالباسط سمیت دیگر جید علمائے کرام نے خطاب کرتے ہوئے قرآن کریم کی تعلیم، دینی مدارس کے کردار اور نئی نسل کی دینی و اخلاقی تربیت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ کانفرنس کا آغاز قاری محمد اکرم صابر کی تلاوت کلام پاک سے ہوا، جبکہ حافظ محمد ظفر شہزاد گجر اور خواجہ اظہار الحق مدنی نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں ہدیہ نعت پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ کانفرنس کے انتظامی امور اور نظامت کے فرائض مولانا محمد بابر علی صدیقی، سیکرٹری جنرل حلقہ پی پی 250 جمعیت علمائے اسلام، نے انجام دیے۔ تقریب کے اختتام پر مدرسہ عربیہ امیر المدارس کے مہتمم قاری محمد صادق اور نائب مہتمم مولانا سمیع اللہ عثمانی نے کانفرنس میں شرکت کرنے والے علمائے کرام، مہمانان گرامی اور شرکا کا شکریہ ادا کیا۔ کانفرنس میں 70 طلبہ کی دستار بندی کو دینی تعلیم کے فروغ اور قرآن کریم سے وابستگی کے حوالے سے ایک اہم سنگ میل قرار دیا گیا۔

بقیہ نمبر 23

اسامہ معین، ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن ڈینگی انسپکٹر عمران حیدر سیال اور عابد رحیم نے خصوصی شرکت کی۔ مختلف کالجز میں منعقدہ سیمینارز کے دوران طلبہ اور اساتذہ کو ڈینگی مچھر کی افزائش، بیماری کی علامات، ممکنہ خطرات اور حفاظتی تدابیر کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ مقررین نے کہا کہ ڈینگی ایک ایسی بیماری ہے جس سے بروقت احتیاط اور اجتماعی کوششوں کے ذریعے بڑی حد تک بچا ممکن ہے۔ گھروں، گلی محلوں، تعلیمی اداروں اور کاروباری مراکز میں صفائی کا فقدان اور کھڑا پانی مچھروں کی افزائش کا سبب بن سکتا ہے۔ شہری گملوں، پرانے ٹائروں، کولروں، بالٹیوں اور دیگر برتنوں میں پانی جمع نہ ہونے دیں جبکہ پانی کی ٹینکیوں اور برتنوں کو ہمیشہ ڈھانپ کر رکھیں۔ آگاہی مہم کے دوران طلبہ کو خصوصی طور پر تلقین کی گئی کہ وہ ڈینگی سے بچا کے پیغام کو اپنے گھروں اور اردگرد کے ماحول تک پہنچائیں۔ مقررین کا کہنا تھا کہ صرف سرکاری اقدامات کافی نہیں، جب تک عوام اپنی ذمہ داری محسوس نہیں کریں گے، ڈینگی کے خاتمے کا ہدف حاصل کرنا مشکل ہوگا۔ بعدازاں شہریوں میں آگاہی پمفلٹس تقسیم کیے گئے اور ڈینگی سے بچا کے حوالے سے واک کا انعقاد کیا گیا، جس میں شرکا نے عوام کو صفائی، احتیاط اور ذمہ دارانہ طرز عمل اپنانے کا پیغام دیا۔ ریسکیو 1122 اور محکمہ صحت کے افسران نے شہریوں سے اپیل کی کہ ڈینگی کی علامات ظاہر ہونے پر فوری مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں اور اپنے گھروں ومحلوں میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈینگی کے خلاف جنگ کسی ایک ادارے کی نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 24

مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ وزیراعلی جلد بلدیاتی الیکشن کے شیڈول کا اعلان کریں۔ سابقہ کونسلران محمد شفیق کھوکھر، ملک عبدالرشید، اشرف خان ترین، ڈاکٹر صدیق آثم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہری اور دیہی علاقوں کے چھوٹے چھوٹے مسائل حل کرنا ایم این اے اور ایم پی اے کے لئے ممکن نہیں ہے اس کے لئے بلدیاتی نمائندوں کا ہونا ضروری ہے موجودہ حکومت کو برسراقتدار آئے ہوئے ڈھائی سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ مگر ابھی تک بلدیاتی الیکشن نہ ہونا ایک المیہ ہے۔ انہوں نے کہا چیئرمین بلدیہ اور کونسلران تک ہر وارڈ کے مکینوں کی رسائی ممکن ہوتی ہے۔ جس سے ان کے بنیادی مسائل حل کرنے میں مدد ملتی ہے۔ حکومت اب مزید تاخیر کرنے کی بجائے فوری بلدیاتی الیکشن کے شیڈول کا اعلان کرے تاکہ جمہوری اقدار کو فروغ حاصل ہوسکے۔

بقیہ نمبر 25

حضرت خواجہ پیر بمن سائیں کریں گے، جبکہ تمام انتظامات ولی عہد درگاہ معلی پراراں شریف حضرت خواجہ غلام قطب محمد سائیں کی زیرنگرانی مکمل کیے جا رہے ہیں تین روزہ عرس کی تقریبات میں ملک بھر سے ہزاروں مریدین، معتقدین، مشائخ عظام، علمائے کرام اور عقیدت مند شرکت کریں گے۔ اس موقع پر درگاہ عالیہ کے فیض یافتگان اور معروف علمی و روحانی شخصیات بالخصوص حضرت خواجہ محمد عارف سائیں المعروف حضرت خواجہ پیر ڈھولنز سائیں کی شرکت بھی متوقع ہے عرس مبارک کے دوران اولیائے کرام کی تعلیمات، صوفیانہ کلام اور امن، محبت، رواداری و بھائی چارے کے پیغام کو اجاگر کرنے کے لیے خصوصی روحانی و فکری نشستوں، محافل نعت اور محافل سماع کا انعقاد کیا جائے گا دربار انتظامیہ کے مطابق ملک کے مختلف علاقوں سے آنے والے زائرین کی سہولت کے لیے وسیع پیمانے پر لنگر عام، رہائش اور سیکیورٹی سمیت دیگر ضروری انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے تاکہ زائرین کو دوران عرس کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔۔۔۔۔۔

بقیہ نمبر 26

پنجاب کے وژن کے تحت اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور کی ہدایات پر، اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ محترمہ اقرا ناصر کی زیر نگرانی لیڈیز پارک کی صفائی ستھرائی، دیکھ بھال اور خوبصورتی کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد خواتین اور خاندانوں کو صاف ستھرا، محفوظ اور خوشگوار تفریحی ماحول فراہم کرنا ہے۔ عوامی تفریحی مقامات کی بہتری اور شہری سہولیات کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ پرعزم ہے۔

☆☆☆☆

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ

Dawlance
COSTUMER SERVICE CENTER
ALI COOLING CENTER
علی کولنگ سنٹر

احمد علی چوہدری
0300-6816803
0304-8201111
کچہری روڈ نزد UBL بینک احمد پور شرقیہ